3332 ـ تصویر مٹانے کی کونسی صورت ہے جس سے حرام نہیں رہتی ؟

سوال

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں تصاویر مٹانے کا حکم دیا ہے، تو کیا صرف آنکھیں یا چہرہ یا سر مٹانا کافی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

تصویر چہرہ ہے، اس لیے چہرہ کو ختم کرنا ضروری ہے تا کہ تصویر کی حقیقت ختم ہو جائے، کیونکہ حدیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چہرے پر مارنے سے منع فرمایا ہے.

اسے بخاری نے روایت کیا ہے.

دوسری حدیث میں چہرے پر مارنے سے مراد کی وضاحت یہ کی گئی ہے کہ: چہرے پر نہ مارا جائے تو پھر صورت سے مراد چہرہ ہوا اس لیے چہرے کے نشانات ختم کرنا ضروری ہیں.